# ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار رندھاوا اور سیف یار خان نے جناب الطاف حسین
# کی جانب سے ملتان پریس کلب کیلئے پانچ لاکھ روپے کا چیک پریس کلب کے صدر شکیل انجم کو پیش کیا

ملتان۔۔۔28، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور سیف یار خان نے ملتان پریس کلب کے صدر شکیل انجم سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے ملتان پریس کلب کیلئے پانچ لاکھ روپے کا چیک پیش کیا، بعد ازاں انہوں نے پریس کلب کے صدر کے ہمراہ پریس کلب کا دورہ بھی کیا۔ شکیل انجم نے چیک وصول کیا اور اپنی اور پریس کلب کی انتظامیہ کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم ملتان کے زونل کمیٹی کے انچارج کرامت علی وزونل کمیٹی کے اراکین اور پریس کلب کے ممبران بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ دنوں ملتان پریس کلب کے اراکین کراچی نائن زیرو دورے کے موقع پر پریس کلب کیلئے پانچ لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا تھا۔

☆☆☆☆☆